RAMPUR GOVT. GAZETTE

سرکاری گزٹ رامپور

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

نمبر ۴۹ روز دوشنبہ تاریخ ۵ر دسمبر سنہ ۱۸۹۲ع عیسوی مطابق ۱۴ جمادی الاولیٰ سنہ ۱۳۱۰ ہجری جلد

فہرست مضامین

	نام مضمون			نام مضمون	
	احکام اجلاس کامل			روبکار صاحب ...	
۱	اضافہ مولوی محمد ... صاحب ...	۱	۶	بابت ...	۳
۱	...	۲		روبکار صاحب سکرٹری ...	
	روبکارات صاحب سپرنٹنڈنٹ ...		۷	تقرر ہزاری خان۔	۴
۲	روبکار ...	۲	ضمیمہ		
۳	بابت اجلاس ...	۳	۸	روبکار ... کمیٹی ...	
	روبکار صاحب جج ...		۹	نقشہ جات ...	
۵	...		۱۰	نقشہ نرخ اجناس۔	
	...	۳			

حکم اجلاس کامل واقع ۱۲ر نومبر سنہ ۱۸۹۲ع

بذریعہ نقل حکم گورنمنٹ نمبری ۳۴۱ مورخہ ۲ر دسمبر سنہ ۱۸۹۱ع بذریعہ تحریر صاحب ایجنٹ بہادر نمبری ۵۵۸/۲۲-۲۴ مورخہ ۱۰ر دسمبر سنہ ۱۸۹۱ع خدمات مولوی محمد صفدر صاحب منصف ضلع بارہ بنکی ریاست ہذا کو تفویض ہوئی ہیں اور انکا تقرر عہدہ ڈپٹی کلکٹری پر کونسل سے ہوا تھا بتاریخ ۱۴ر دسمبر سنہ ۱۸۹۱ع برائے ایک سال بشرط پسند کام ہوا مولوی محمد صفدر صاحب کا کام کونسل پسند کرتی ہے اور ... [illegible] ابتک ... کی تنخواہ ... ۵ ماہوار ...

کہ اب کونسل انکی تنخواہ خالص بالعوض روپیہ ماہوار معین مقرر کرکے انکو عہدہ دسٹرکٹ و سشن ججی ریاست ہذا پر مستقل کرتی ہے۔

اس روئداد کا عملدرآمد یکم دسمبر ۱۸۹۲ء سے ہوگا۔

نقل روئداد ہذا بذریعہ چٹھی انگریزی خدمت میں صاحب ایجنٹ بہادر کے اور اصل برائے اجرائے احکام باجلاس صاحب انچارج جوڈیشل ممبر بہادر مرسل ہو اور ایک نقل بغرض شائع ہونیکے گزٹ کو بھیجی جاوے۔

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

حسب منشائے تجویز اجلاس کامل احکام ضابطہ جاری ہون

مرقومہ ۲۶ نومبر ۱۸۹۲ء

حکم اجلاس کامل واقع ۲۱ نومبر ۱۸۹۲ء

متعلقہ یادداشت مفتی صاحب دیوانی باستصواب کسی لینے حلف اہل خاندان سے بذات خود یا معرفت کسی اہلکار عدالت

آج کونسل میں پیش ہو کر باتفاق تجویز ہوا کہ جب اہل خاندان میں کسی سے حلف لینے کی ضرورت ہوا کرے تو ممبران پنچایت خاندان کو اجازت دیجاتی ہے وہ حلف لے لیا کرین۔ یہ حکم درج گزٹ ہو اور ممبران پنچایت خاندان و صاحب مفتی دیوانی کو اطلاع دیجاوے مثل باجلاس صاحب انچارج جوڈیشل ممبر بہادر مرسل ہو۔

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

حسب تجویز اجلاس کامل احکام ضابطہ جاری ہون اور ایک نقل تجویز کی بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جاوے۔

۲۶ نومبر ۱۸۹۲ء

روبکار اجلاس صاحب پریزیڈنٹ بہادر واقع ۲۹ نومبر ۱۸۹۲ء

چونکہ ہماری پبلک کی ملاقات کے ہفتہ میں دو روز منگل اور جمعرات مقرر ہیں۔ اور اب آیندہ سے ہمارا اجلاس سوائے دوشنبہ یوم کونسل اور پنجشنبہ یوم خوجی دربار کے معمولاً کوٹھی جدید پر ہوا کریگا اسلئے جو صاحب ہم سے پبلک کی ملاقات کرنا چاہیں وہ بروز منگل کوٹھی جدید پر ہماری قیام گاہ [illegible] کرینگے البتہ جمعرات کو حسب معمول خورشید منزل میں ہم [illegible] کرسکتے ہیں۔ حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے اطلاع عام درج گزٹ ہو اور ایک اشتہار در عدالت پر چسپان کردیا جاوے۔

روبکار اجلاس الضاً۔ واقع ۲۹ نومبر ۱۸۹۲ء

معمولاً ہمارا اجلاس [illegible] سے بمقام کوٹھی جدید ہوا کریگا [illegible] دوشنبہ جبکہ کونسل بھی ہوتی ہے اور بروز پنجشنبہ [illegible] دربار خوجی ہے اسجانب اجلاس ہے رامپور [illegible] خورشید منزل کیا کرینگے باقی ایام میں سوائے [illegible] ہماری کوٹھی پر اجلاس ہوا کریگا۔ حکم ہوا کہ [illegible] اس سے متعلق مطلع ہون سررشتہ دار صاحب صدر کو متعلق کاغذات کیواسطے اطلاع عدہ ہے

روبکار ہذا درج گزٹ ہو اور اشتہار [illegible] چسپان کردیا جاوے

روبکار اجلاس صاحبزادہ وحید الدین صاحب بہادر سپرنٹنڈنٹ صیغہ جوڈیشل واقع ۲۸ نومبر ۱۸۹۲ء

معلوم ہوا کہ سال گذشتہ میں انفصال مقدمات فوجداری مرجوعہ میلہ آنریری مجسٹریان کے متعلق کیا گیا تہا لہذا اب بہی اس میلہ میں مناسب ہے کہ صاحب مجسٹریٹ ضلع ایسا انتظام کر دیں کہ جو مقدمات خفیف حد اختیار آنریری مجسٹریان کے مرجوعہ میلہ ہوں اونکی تجویز وہی کیا کریں۔ ایام میلہ میں صاحب مجسٹریٹ ضلع اسبات کی تعیین فرما دیں کہ فلاں تاریخ فلاں فلاں صاحب شریک اجلاس ہونگے اور جو مقدمات حد اختیار آنریری مجسٹریان سے زیادہ ہوں اونکی تجویز صاحب مجسٹریٹ ضلع فرما سکتے ہیں۔

حکم ہوا کہ

ایک نقل روبکار ہذا بنا بر انتظام حسب تصریح صدر صاحب مجسٹریٹ ضلع کے پاس مرسل ہو اور ایک نقل بنا بر اندراج گزٹ بغرض اعلان مطبع کو بہیجی جاوے۔

دستخط وحید الدین

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر واقع ۲۴ نومبر ۱۸۹۲ء

جو آراضی واسطے لگانے بہٹہ و تہوائی اینٹ کے ٹہیکیداروں کو دیجاتی ہے اونکے زر معاوضہ کو ریاست سے کچھ تعلق نہیں پایا جاتا ہے ٹہیکہ داران بغرض اپنے مفاد و انتظام کثیر کے واسطے بہٹہ لگاتے ہیں لہذا اکل معاوضہ آراضی و ہرجہ زراعت متعلقہ بہٹہ کا ذمہ ٹہیکیداران خشت واجب التصور ہو کر حسب ذیل تجویز کیجاتی ہے۔

(۱) واسطے بہٹہ کے جسوقت آراضی دیجاوے تو حتی الامکان آراضی غیر مزروعہ اور آبادی اور باغات سے جدا دینا چاہیے مزروعہ آراضی مجبوری دی جاوے۔

(۲) ٹہیکیداران بہٹہ کو جو آراضی دیجاوے اگر حسب اتفاق زمین زراعت کہڑی ہو تو اوسکی تحصیلدار محال تخمینہ کر کے نقد ٹہیکیدار بہٹہ سے مالکان زراعت کو دلوا دیویں اور رسید باضابطہ لیویں۔

(۳) آراضی آمدہ بہٹہ اگر بٹائی کی ہو اور لگان اوسکا بقدرات پیداوار دریافت نہیں ہو سکتا ہے تو تین سال کی پیداوار کی اوسط سے لگان اوسکا مقرر کیا جاوے۔

(۴) جسقدر آراضی واسطے بہٹہ کے دیجاوے اوسکا لگان وہ آسامی جو کاشتکاران مستاجر کو ادا کرنے میں جسقدر کا عذرات پیدا رہی ہے قائم ہو مستاجر دیہہ کو ٹہیکیدار بہٹہ سے پیشگی یعنی شروع سال میں ملنا چاہیے اور آئندہ ٹہیکہ دار بہٹہ جبتک خود قابض رہے درمیانی رقم لگان سالانہ کی ٹہیکیدار بہٹہ سے وصول ہو کر مستاجر دیہہ کو ملا کرے۔

(۵) کاشتکاران موروثی کو نصف سال کا لگان بطور ہرجہ ٹہیکہ دار بہٹہ سے دلایا جاوے گا۔ علاوہ اوس رقم کے جو مستاجر کو دیا جاویگا۔

(۶) ٹہیکہ داران خشت جب آراضی سے بعد ختم اپنی زمین خالی کردیں اوسوقت ریونیو میں اطلاعی اہل اجلاس کو اور ایک تحصیلدار محال کو دیویں تحصیلدار محال فوراً گرداور قانونگو موقع پر بہیجکر حیثیت و حالت آراضی دریافت کریں۔

(۷) جسقدر آراضی ایک فٹ تک یا اوس سے کم کہودی ہوئی ہو اوسکا آئندہ معاوضہ نہیں لیا جاوے اور جو آراضی ایک فٹ سے زیادہ دو فٹ تک کہودی ہو اوسکا لگان تین سال کا اور جو آراضی تین فٹ سے چار فٹ تک عمیق کہودی ہو اوسکا لگان پانچ سال کا اور جو آراضی

اوس سے زائد دس فٹ تک یا زائد کھودی ہے تو دس سال کی لگان ٹھیکہ دار [illegible] سے لیکر تحصیل میں داخل کرا دیا جاوے۔

(۷) جس وقت بموجب دفعہ نمبر ۵ روپیہ تحصیل میں داخل ہو جاوے تحصیلدار ایک رپورٹ بھیجے اوس میں حساب [illegible] اور لکھیں کہ متعلقہ [illegible] کے کسقدر [illegible] اجری [illegible] اور کسقدر باقی سیاہہ سرکار ہے۔ جیسا حکم ہو [illegible] مطابق تعمیل کریں

(۹) ٹھیکہ دار [illegible] مستاجر دیہات اور کاشتکاران کو ہرگز باہمی طور پر کسی کارروائی کی اجازت نہیں ہے بجز مراتب جو [illegible] کئے جاویں تحصیلدار ذمہ دار ہیں کہ اس کارروائی میں کسی قسم کی تاخیر اور فتور واقع نہو۔

(۱۰) ہر ایک بیعہ کے ٹھیکہ دار سے ایک قبولیت بابت ان شرائط کے قبل از دخل دہانی [illegible] لکھائی جاویگی اور واسطے تحصیل شرائط مندرجہ دفعہ [illegible] ضمانت مناسب نقدی خواہ جائداد یا شخص معتبر کی دینا ہوگی۔

حکم ہوا کہ

بہ ارسال نقل روبکار ہذا بخدمت صاحب چیف انجینیر بہادر [illegible] دیا جاوے کہ بپارہ میں صاحب موصوف کی جو رائے ہو اوس سے ہمکو اطلاع فرماویں تاکہ اوس کے مطابق اجراے احکام کر دیا جاوے۔

[illegible]

حکم صاحب چیف انجینیر بہادر

رائے صاحب ممبر بہادر [illegible] ہمکو اتفاق ہے جیسا [illegible] احکام جاری فرماویں اصل روبکار و نقل حکم سرشتہ میں [illegible]

محررہ ۱۸ نومبر ۱۸۹۲ء

[illegible]

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

پاس صدر قانونگوی بہت عمل درآمد [illegible] گزٹ میں [illegible] شائع کئے جاویں — ۲۳ نومبر ۱۸۹۲ء

[illegible]

ملخص روبکار اجلاس صاحب سکریٹری بہادر واقع ۲۳ نومبر ۱۸۹۲ء

صاحب پریذیڈنٹ بہادر نے [illegible] خان ساکن [illegible] کو اتالیق [illegible] بر تنخواہ بیس روپیہ ماہوار ۱۵ اکتوبر [illegible] ملازم رکھا ہے۔ تنخواہ مد [illegible] خانہ سے ملیگی

[illegible]

حکم صاحب سکرٹری بہادر کونسل واقع ۲۰ نومبر ۱۸۹۲ء

ملاحظہ ہوا روئداد بذا درج گزٹ ہو

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ تحصیل سوار منعقدہ ۵ نومبر ۱۸۹۲ء

مولوی محمد ریاض الاسلام صاحب تحصیلدار صدر نشین کمیٹی

منشی محمد عطاء اللہ خان صاحب نائب تحصیلدار سکرٹری کمیٹی

اسمائے شرکاء جلسہ

ملازمین

1. محمد حشمت علیخان صاحب محرر چونگی —
2. مولوی عاشق علی صاحب محرر صفائی —
3. مولوی سید ضیغم حسین صاحب مدرس سوار خاص —

غیر ملازمین

1. لالہ چنی لعل صاحب ساہو — ممبر
2. لالہ برج لعل صاحب مالگزار — ممبر
3. لالہ ایشری پرشاد صاحب عرائض نویس — ممبر

امور تصفیہ طلب

۱ — خاکروبان اور میت میں کوئی علامت تمیز کی نہیں ہے خاکروبان کے پاس بلّہ ہیں اور میت کے پاس بلّہ بھی نہیں ہے —

تجویزات کمیٹی

مثل بلّہ میت خاکروبان شہر کے کل میت کو بھی بلّہ سرکار سے ملنا چاہئے —

ملاحظہ شد ۲۰ نومبر ۱۸۹۲ء

---

۲ — بروز بازار تمام دکانداران چبوترہ پر بیٹھتے ہیں مگر قصابان متفرق طور پر بازار میں بیٹھتے ہیں قصابان بھی چبوترہ پر بیٹھا کریں تو مناسب ہے اور قصابوں کیواسطے چبوترہ تیار ہوجاویں —

چودھری قصابان کو بروز بازار بلاکر ہدایت کیجاوے کہ وہ جملہ قصابان کو چبوترہ اونکے صرف سے بنوادیں اور چودھری سے اقرارنامہ لیا جاوے کہ میعاد ایک ہفتہ چبوترہ تیار کرلیں اور اگر باہتمام چودھری قصابان چبوترہ تیار نہ کرسکیں تو تعمیر چبوترہ کا تخمینہ کراکر زر لاگت قصابان سے وصول ہوکر معرفت سرکار تیار ہوجاویں جگہ چبوترہ کی سکرٹری کمیٹی تجویز کردیں

ملاحظہ شد ۲۰ نومبر ۱۸۹۲ء

۳۔ دو بم پولیس منجانب سرکار تیار ہو گئی ہیں مگر بندوبست صفائی کا کوئی انتظام نہیں ہے یعنی کوئی بھنگی واسطے صفائی کے مقرر نہیں ہے۔	جس جگہ کہ ریلوے احاطہ میں بم پولیس واقع ہے وہی خاکروب بھی بم پولیس کی صفائی کرے گا کوئی خاکروب علیحدہ مقرر ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔

ملاحظہ شد ۳۰ نومبر ۱۸۹۲ء

۴۔ درخواست علی محمد خان [illegible] سوار خاص۔ جو آراضی بغرض کہاد ڈالنے کو سرکار سے تجویز ہوئی ہے وہ اعلیٰ قسم کی ہے وہ آراضی چھوڑ دی جاوے دوسری آراضی اوسکے قریب ادنیٰ قسم کی بنا بر ڈالنے کہاد کے تجویز فرمائی جاوے۔	صاحب سکرٹری کمیٹی اول آراضی تجویز شدہ کا ملاحظہ فرماویں اگر درحقیقت آراضی تجویز شدہ اعلیٰ قسم کی ہے اور دوسری آراضی تجویز ہونے میں کوئی ہرج نہیں ہے تو آراضی اعلیٰ قسم کی چھوڑ کر دوسری آراضی جو ادنیٰ قسم کی ہو تجویز ہونا چاہیے جو نشیب میں نہ ہو۔

ملاحظہ شد ۳۰ نومبر ۱۸۹۲ء

۵۔ جو دس روپیہ بنا بر تیاری چار بم پولیس سرکار سے عطا ہوئے تھے اونمیں صرف دو بم پولیس تیار ہوئے ہیں اگر دو بم پولیس ایک متصل سرائے دوسرا کاشی [illegible] میں تیار ہو جاویں تو بیشک زیادہ باعث آسائش مسافران وغیرہ متصور ہے اور چھپر بندی بم پولیس تیار شدہ کے بھی ضرور ہے ورنہ برسات میں مسمار ہو جاوینگے۔	صرف ایک بم پولیس متصل سرائے اور تیار ہونا چاہیے کہ باقی روپیہ میں تیار ہو سکتا ہے اور چھپر بندی ہونا بھی ضروری ہے کیونکہ واسطے کہ بم پولیس خام تیار ہوئے ہیں برسات میں گر جاوینگے اور بم پولیس میں قدمچے لکڑی کے تیار ہونا چاہیے

تعمیل حسب رپورٹ کئے جانے پر حکم مناسب صادر ہوگا [illegible] ۳۰ نومبر ۱۸۹۲ء

۶۔ کسبان شہر کے مکانات کے اندر کوڑہ وغیرہ جمع ہو جانے سے بیماری پیدا ہونے کا [illegible] ہے اندر مکانات کے کوڑہ کو جمع نہ ہونا چاہیے علی بہادر خان [illegible] ولی محمد [illegible] جلالی سوار کاشی [illegible] وکیل محمد سعید خان [illegible] حسن خان [illegible]	علی بہادر خان وغیرہ جو اشخاص طلب ہو کر اونکو ہدایت کیجاوے کہ بمعیاد [illegible] یوم کوڑہ اندر مکانات سے اوٹھالیویں اور اقرارنامہ اونسے تحریر کرالیا جاوے بعد [illegible] یوم [illegible] صفائی معائنہ کرکے رپورٹ دیں

ملاحظہ شد ۳۰ نومبر ۱۸۹۲ء

۷۔ محرر صفائی کو دو روپیہ صیغہ صفائی سے ملتے ہیں چونکہ کام نگرانی صفائی کا زیادہ ہے تنخواہ کا اضافہ ہونا چاہیے۔

محرر سابق کو بھی اکبر روپیہ صیغہ صفائی سے ملتا تھا ۔ صفائی سے محرر حال کو کم ملتے ہیں کمیٹی کی رائے ہے کہ اکبر روپیہ محرر صفائی کی تنخواہ صیغہ صفائی سے ملنا چاہیے رپورٹ بابت بحالی جب تک نشیں بر سیاد بھیجی جائے

علیحدہ رپورٹ آنے پر حکم مناسب صادر ہوگا۔ ۲۰ نومبر ۱۸ء

۸۔ جھپیلی خاکروب عرصہ ایک ہفتہ سے بیمار ہے اوسکے حلقہ کا صفائی کا کام بند ہو رہا ہے عوضی پیش کرنیکے واسطے جھپیلی خاکروب سے کہا گیا تو وہ بیان کرتا ہے کہ عوضی نہیں ملتا ہے علاوہ اسکے جھپیلی خاکروب دو جگہ ملازم ہے یعنی محکمہ تحصیل تھانہ سے تنخواہ پاتا ہے اور سرکار محکمہ صفائی سے یہ کام بھی اسکے پاس زیادہ ہے۔

سکریٹری کمیٹی جھپیلی خاکروب کو فہمایش کردیں کہ اگر وہ اپنا آدمی پیش کریگا تو اوسکو صفائی میں تین روپیہ ماہوار کی جگہ دیجاویگی ورنہ بتجویز سرکار دوسرا آدمی صفائی میں بمشاہرہ تین روپیہ ماہوار مقرر کردیا جاویگا اور جھپیلی کو صرف جو صفائی تحصیل و تھانہ کی بابت جو سابق سے ملتا ہے وہ بدستور ملیگا اور بابت جھپیلے خاکروب اوسکے متعلقہ کام صفائی دیگر خاکروبان انجام دیں محرر صفائی ایام بیماری کی تنخواہ بذریعہ رپورٹ وضع کراکے سیاہہ سرکار کرادیں۔

امورات مندرجہ بالا کو صاحب صدر نشین کمیٹی نے قبول منظور کیا۔

366

مطبوعہ ۱۵ دسمبر سنہ ۱۸۹۲ء جلد

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور ابتدائی ۲۹ نومبر لغایت ۵ دسمبر سنہ ۱۸۹۲ عیسوی

نام تحصیل	تفصیل پیدائش							تفصیل موتی										تفصیل امراض					کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایک سال تک		۱ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب							
	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]	مرد	[illegible]	مرد	[illegible]	مرد	[illegible]	مرد	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
شہر رامپور	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	نقشہ نہیں آیا
حضور تحصیل	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	//
شاہ آباد	۱۲	۲۳	۵	۱۲	۵۲	۱۶	۳۵	۱۷	۱۶	۱	۲	۱۷	۱۴	۲۳	۳۲	۳۳	۳۲	.	.	۱۰	۲۰	۶۵	
ملک	۳	۱۳	۱	۱۲	۳۱	۳	۲۶	۱	۲	۲	۱	۱۶	۸	۱۹	۱۱	۱۰	۲۰	.	.	۱۰	۲۰	۳۰	
سوار	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	نقشہ وصول نہیں ہوا
بلاسپور	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	//
ٹانڈہ	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	//
میزان	۱۵	۳۶	۶	۲۴	۸۳	۱۹	۶۱	۱۸	۱۹	۳	۳	۳۳	۲۱	۴۲	۴۳	۱۳	۵۲			۲۰	۴۰	۹۵	

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور ابتدائی ۲۹ نومبر لغایت ۵ دسمبر سنہ ۱۸۹۲ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	.	۱۲ سیر	۱۳ سیر	۱۳ سیر	.	.	حضور تحصیل و بلاسپور و ٹانڈہ سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	.	۱۹ سیر	۱۶ سیر	۱۷ سیر	.		
نخود گسندہ آمیز	.	۲۰ سیر	۱۹ سیر	۱۸ سیر	.	.	
کتہ	.	.	۲۰ سیر	.	.	.	
ماش	.	۱۹ سیر	۱۵ سیر	۱۵ سیر	.	.	
مونگ	.	۱۹ سیر	۱۳ سیر	۱۴ سیر	.	.	
مکا	.	.	۲۲ سیر	.	.	.	
چنی	.	۱۷ سیر	۲۱ سیر	۱۹ سیر	.	.	
کوچنی	.	۱۹ سیر	۱۷ سیر	۱۵ سیر	.	.	
مسور	.	۱۶ سیر	۲۰ سیر	۲۰ سیر	.	.	
ارہر	.	۲۲ سیر	۲۰ سیر	۲۰ سیر	.	.	
برنج	.	۱۳ سیر	۱۳ سیر	۱۰ سیر	.	.	
روغن زرد	.	[illegible]	۱ سیر	۱ سیر	.	.	
روغن سیاہ	.	۳ سیر	۳ سیر	۲ سیر	.	.	
روغن کنجد	.	۲ سیر	۱ سیر	۱ سیر	.	.	
نمک سانبھر	۶	۸ سیر	۹ سیر	۹ سیر	.	.	
نمک لاہوری	.	۷ سیر	۷ سیر	۷ سیر	.	.	
قند سیاہ	.	۹ سیر	۷ سیر	۷ سیر	.	.	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور